نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کپاس کی صورتحال کے سلسلہ میں ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کا انعقاد

صوبہ پنجاب میں رواں سیزن کپاس کی کاشت کا ہدف 35 لاکھ ایکڑ مقرر۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:19 اپریل 2025:(   ) صوبہ پنجاب میں رواں سیزن کپاس کی کاشت کا ہدف 35 لاکھ ایکڑ مقرر کر دیا گیا ہے۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کپاس کی صورتحال کے سلسلہ میں ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کے لئے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ فیلڈ فارمیشنز کو 15 مئی تک سو فیصد ہدف کے حصول کا ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔ بروقت اور خصوصی مہم کے نتیجہ میں کل ہدف کا 28 فیصد حاصل کر لیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کے نگہداشتی اُمور بارے فنی راہنمائی کا سلسلہ جاری ہے۔ کپاس کے علاقوں میں نہری پانی کی دستیابی کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کپاس کی کاشت کے کل ہدف کا 50 فیصد بہاولپور ڈویژن سے حاصل کیا جائے گا۔ رواں سال کپاس کی کاشت کے رجحانات نہایت حوصلہ افزاء ہیں۔

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عبدالقیوم، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆